© rasailojaraid.com



کتاب کا معیارِ طباعت عمدہ ہے اور یہ مصنف سے مندرجہ ذیل پتہ پر حاصل کی جاسکتی ہے:-

پوسٹ بکس نمبر ۵۲۹۴ کراچی نمبر ۲

---

MOTIVATION FOR ECONOMIC ACHIEVEMENT IN ISLAM

اسلام میں معاشی مقاصد کی تکمیل کے محرکات

تالیف:- جناب مظفر حسین صاحب -
شائع کردہ:- آل پاکستان اسلامک ایجوکیشن کانگرس - ۷- فرینڈز کالونی ملتان روڈ، لاہور - صفحات ۴۷ - قیمت تین ۳ روپے

اسلام کے بارے میں عام طور پر ذہنوں میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ یہ دینِ حق نہ تو کوئی واضح معاشی مقاصد رکھتا ہے اور نہ کوئی کسی تکمیل کے لیے عوام کو کوئی محرکات فراہم کرتا ہے - اس قابلِ قدر کتابچہ میں اس کے فاضل مصنف نے نہایت اونچے علمی انداز اور فلسفیانہ زبان و بیان اور منطقی استدلال کے ساتھ اسلام کے معاشی مقاصد اور ان کی تکمیل کے لیے اخلاقی اور روحانی محرکات کی قرآن و سنت کی روشنی میں نشاندہی کی ہے - اس کتابچہ کے مطالعہ سے وہ اندازِ فکر کھل کر سامنے آتا ہے جس کے تحت اسلام نے زندگی کے مادی مسائل کو خالص روحانی مسائل بنا دیا ہے - اس کتابچہ کا ہر پڑھے لکھے نوجوان کو مطالعہ کرنا چاہیئے -

---

طبِ نبوی

مرتبہ:- حافظ نذر احمد صاحب - شائع کردہ: مسلم اکادمی لاہور - صفحات ۲۵۲ - قیمت ۵ روپے

اس کتاب پر ترجمان القرآن کے صفحات میں پہلے تبصرہ ہو چکا ہے - یہ اس کا نقشِ ثانی ہے - تبصرہ نگار کو خوشی ہے کہ اس ایڈیشن میں کاپیوں کی تصحیح کا خاص اہتمام کیا گیا ہے - نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حفظانِ صحت کے جو اصول بیان فرمائے ہیں، اس کتاب میں اُنہیں بڑے سلیقے کے ساتھ بیان کر دیا گیا ہے -

© rasailojaraid.com